سوال

(145) پہلی رکعت میں ایک سورۃ دوسری میں دو یا تین سورتیں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ایک آدمی دو یا تین رکعت والی نماز پڑھتا ہے ایک رکعت میں وہ سورۃ نصر پڑھتا ہے اور دوسری رکعت میں وہ آخری تین صورتیں پڑھتا ہے کیا یہ نماز خلاف سنت ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

درست ہے مستدرک حاکم ۱/۳۰۵میں ہے رسول اللہ ﷺ نے وتروں کی دوسری رکعت می ں ''قُل يَاَيها الكفرون'' پڑھی اور تیسری رکعت میں ''قل ہوا اَحد'' اور معوذتین تینوں سورتیں پڑھیں ۔ ہاں رسول اللہ ﷺ کا عام اور اکثر معمول آخری رکعت کو پہلی رکعات کی بنسبت چھوٹی کرنے کا ہے ۔

ھذا ما عندي والله اَعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص135

محدث فتویٰ